

آپ کے گھر کے ہر فرد کو ہنگامی منصوبہ بنانے، سامان جمع کرنے میں ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے، اور ان خطرات کو سمجھنا چاہیے جن کا سامنا انہیں ہوسکتا ہے۔

گھرانے کے لیے آفت سے متعلق منصوبہ بنائیں

اس بات کی تیاری کے لیے کہ ہنگامی حالت میں کیا کرنا ہے، ایک دوسرے کو کیسے تلاش کرنا ہے، اور ہنگامی حالت میں کس طرح رابطہ کرنا ہے، اپنے گھرانے کے ممبران کے ساتھ آفت سے متعلق منصوبہ تیار کریں اور اس کی مشق کریں۔

- یہ فیصلہ کریں کہ آفت کے بعد آپ کے گھرانے کے لوگ کس جگہ ملیں گے۔ ملاقات کی دو جگہیں متعین کریں: ایک اپنے گھر کے قریب اور دوسرا اپنے کسی قریبی علاقے میں۔
- اپنے گھر اور پڑوس سے نکلنے کے تمام راستوں کا استعمال کرتے ہوئے اس کی مشق کریں۔
- صوبے سے باہر رہنے والے کسی دوست یا رشتہ دار کا تعین کریں جس سے آفت کے دوران الگ ہو جانے کی صورت میں گھرانے کے ممبران رابطہ کرسکیں۔ اگر نیویارک سٹی کے فون سرکٹس مصروف ہوں تو، طویل فاصلاتی کالیں کرنا آسان ہوسکتا ہے۔ صوبے سے باہر کا رابطہ آپ کو دوسروں کے ساتھ رابطے میں مدد کرسکتا ہے۔
- ہر شخص کی ضرورتوں کے لیے منصوبہ بندی کریں، خاص طور پر عمر رسیدہ لوگوں، انگریزی نہ بولنے والے افراد، معذور افراد، بچوں، اور پالتو جانوروں کے لیے۔
- موزوں بیمہ خریدیں۔ اگر آپ کا گھر کرایے کا ہے تو، کرایہ دہندہ کا بیمہ آپ کے اپارٹمنٹ کے اندر موجود آئٹمز کا بیمہ فراہم کرے گا۔ اگر گھر آپ کا اپنا ہے تو، یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا گھر موزوں بیمہ شدہ ہو — مالک مکان کی بنیادی پالیسی میں سیلاب اور ہوائی طوفان کے نقصان کا احاطہ نہیں کیا جاتا ہے۔

ہنگامی سازوسامان کا کٹ تیار کریں

اپنے گھر میں کم از کم تین دنوں تک زندگی گزارنے کے لیے کافی سازوسامان رکھیں۔ ان چیزوں کو ایک آسان قابل رسائی کنٹینر یا کپ بورڈ میں رکھیں، اور سال میں دوبار دن میں بجلی کی بچت والے ایام میں ان کی تازہ کاری کریں۔ تجویز کردہ آئٹمز آن لائن یا آپ کے مقامی کریانہ دکان، دواء یا فوجی سازوسامان کے اسٹور میں دستیاب ہیں۔ تجویز کردہ آئٹمز میں شامل ہیں:

- فی شخص فی دن کے لیے ایک گیلن پینے کا پانی
- نہ سڑنے والے، کھانے کے لیے تیار ڈبہ بند غذائیں اور دستی کین اوپنر
- فرسٹ ایڈ کٹ
- فلیش لائٹ
- بیٹری سے چلنے والا AM/FM ریڈیو اور اضافی بیٹریاں
- سیٹی
- آیوڈین کی گولیاں یا ایک چوتھائی گیلن بغیر خوشبو والا بلیچ (پانی کی جراثیم ربائی کے لیے، صرف ایسی صورت میں جب صحت کے اہلکاروں کے ذریعہ ایسا کرنے کا مشورہ دیا گیا ہو) اور ایک آئی ڈراپر (پانی میں بلیچ ملانے کے لیے)
- ایسا فون جس کے لیے بجلی کی ضرورت نہ ہو

ہنگامی حوالے کا کارڈ

اس کارڈ کا استعمال آفات سے متعلق اپنے ذاتی منصوبے کی تفصیلات درج کرنے کیلئے کریں۔ آپ کے گھرانے کے ہر فرد کے پاس ایک ہونا چاہیے۔

نام:

اپنے علاقے میں ملاقات کی جگہ:

پڑوس کے علاقے میں ملاقات کی جگہ:

دفتر/اسکول/ دیگر انخلائی مقامات:

دفتر/ اسکول/ دیگر رابطے:

صوبہ سے باہر کا رابطہ:

مالک مکان/ کرایہ دہندہ کا بیمہ:

ڈاکٹر کے نام اور نمبرز:

ریڈی نیویارک
(READY NEW YORK)
ہنگامی حالات کے لیے تیاری

دفتر برائے ہنگامی نظم و نسق
بل ڈے بلاسیو (Bill de Blasio)، میئر

Urdu, 2014 Edition

یہ رہنما پرچے درج ذیل زبانوں میں بھی دستیاب ہیں۔

Arabic
زُر NYC.gov/readyny للحصول على نسخ باللغة العربية من هذا الدليل.

Bengali
ইংলিশ-এ এই নির্দেশিকাটির কপির জন্য 311-এ ফোন করুন বা NYC.gov/readyny দেখুন।

Chinese
請撥打311或訪問NYC.gov/readyny，獲得本指南的中文版本。

English
Call 311 or visit NYC.gov/readyny for copies of this guide in English.

French
Visitez NYC.gov/readyny pour obtenir des exemplaires de ce guide en français.

Haitian Creole
Ale nan sitwèb NYC.gov/readyny pou jwenn kopi gid sa a nan lang Kreyòl Ayisyen.

Italian
Visita il sito NYC.gov/readyny per ricevere una copia di questa guida in italiano.

Korean
한국어로 된 안내서 사본은 NYC.gov/readyny를 방문하십시오.

Polish
Kopia w języku polskim jest opublikowana pod adresem NYC.gov/readyny.

Russian
Позвоните по номеру 311 или посетите сайт NYC.gov/readyny, чтобы получить эту брошюру на русском языке.

Spanish
Llame al 311 o visite NYC.gov/readyny para obtener acceso a este folleto en español.

Urdu
اس رہنما پرچے کی کاپی اردو زبان میں حاصل کرنے کے لیے NYC.gov/readyny ملاحظہ کریں۔

Yiddish
באזוכט NYC.gov/readyny פאר קאפיס פון דעם פאפיר אין אידיש.

NEW YORK CITY citizen corps
www.NYC.gov/citizencorps

ساتھ میں ایک سفری بیگ (گو بیگ) رکھیں

گھرانے کے ہر رکن کو اپنے ساتھ ایک سفری بیگ رکھنا چاہیے — جس میں ایسے سامان ہوں جسے آپ انخلاء کی صورت میں استعمال کرسکیں۔ ہر سفری بیگ مضبوط، ہلکا، اور بہ آسانی لے جانے کے قابل ہونا چاہیے، جیسے کہ بیک پیک۔ تجویز کردہ آئٹمز میں شامل ہیں:

- اپنے اہم دستاویزات کی نقول ایک واٹر پروف اور قابل منتقلی کنٹینر میں رکھیں (انشورنس کارڈز، سند پیدائش، معاہدے، تصویری شناخت نامے وغیرہ۔)
- کار اور گھر کی چابیوں کے اضافی سیٹس
- کریڈٹ اور ATM کارڈز اور نقد کی نقول
- بوتل بند پانی اور نہ سڑنے والی غذائیں جیسے کہ انرجی یا گرینولا بارس
- فلیش لائٹ
- بیٹری سے چلنے والا AM/FM ریڈیو اور اضافی بیٹریاں
- دواؤں کی فہرست اور اہل خاندان کے ذریعہ لی جانے والی خوراکیں، یا اپنے تمام نسخوں کی کاپیاں پرچیاں اور ڈاکٹروں کے نام اور فون نمبرز
- فرسٹ ایڈ کٹ
- بچوں کی دیکھ بھال، پالتو جانور کی دیکھ بھال، اور دیگر خصوصی آئٹمز
- ہلکے بارش سے بچنے کے سامان اور میلر کمبل
- اپنے اہل خاندان کے رابطے اور ملاقات کی جگہ کی معلومات، اور علاقے کا ایک چھوٹا نقشہ

خطرات کو جانیں

ان خطرات سے واقفیت جس کا اثر نیویارک سٹی پر پڑ سکتا ہے — ہیریکن سے لے کر گھریلو آگ تک — آپ کو ہنگامی حالات میں محفوظ رہنے میں مدد کرسکتا ہے۔ ان خطرات کے بارے میں جاننے کے لیے NYC.gov/hazards ملاحظہ کریں۔

911: ہنگامی حالات

- جب آپ کو فوری خطرہ ہو یا کوئی جرم ہوتے ہوئے دیکھیں تو 911 پر کال کریں۔
- اگر آپ کو سنگین چوٹ پہنچی ہو یا جان لیوا طبی کیفیت ہو تو 911 پر کال کریں۔

311: غیر ہنگامی صورتحال

- جب آپ کو غیر ہنگامی خدمات تک رسائی یا شہری انتظامیہ کے پروگراموں سے متعلق معلومات کی ضرورت ہو تو311 پر کال کریں۔

باخبر رہیں

- **Facebook اور Twitter پر OEM**
www.facebook.com/NYCemergencymanagement
@nycoem

نوٹیفائی این وائی سی (NOTIFY NYC)،

- ہنگامی اطلاعات کے لیے رجسٹر کریں NYC.gov/notifync ملاحظہ کرکے، یا 311 پر کال کرکے، یا @NotifyNYC کی Twitter پر پیروی کرکے